PRESS RELEASE Media Contacts: Karachi Tel: 021-35311898 Fax: 021-35390410 Email:ti.pakistan@transparency.org.pk Website: www.transparency.org.pk	Transparency International Pakistan 72F/2, 9th Street, Jammi Commercial, Phase 7, DHA Karachi

Embargoed till 3AM, June 03, 2025

Civil Society Governance Diagnostic Assessment for Pakistan: Governance, Transparency and Social Accountability Reforms for Economic Growth

Karachi, Tuesday June 03, 2025: Transparency International Pakistan has published The Civil Society Governance Diagnostic Assessment for Pakistan. The report introduces a comprehensive set of governance reform recommendations designed to address key areas important for economic growth namely: Fiscal Governance, Financial Regulation and Rule of Law.

TI Pakistan highlights that as Pakistan undertakes structural economic reforms, in line with International Monetary Fund (IMF) supported 37-month Extended Fund Facility (EFF) worth US$ 7 billion, the parallel challenge of reforming governance systems must not be overlooked. The report reveals that Pakistan's economic problems are underpinned by governance issues' emanating from lax rules, corruption and ineffective implementation of policies.

The report recommends that fiscal governance must be democratized, with Parliament playing a more meaningful role in the budget making and approval process. Pakistan's fiscal capacity is hampered by sectoral tax exemptions, particularly in agriculture, under-valuation in real estate and under-invoicing in imports. There is an urgent need to remove unjustified tax shelters to equalize the tax burden.

Accountability across all tiers of governance is fundamental to achieving good governance. The report recommends enhanced role of Public Accounts Committees at the National and Provincial level to ensure prudent use of public funds, through parliamentary oversight, reforms in public financial management with the need for greater digitization of revenue systems, expenditure tracking, procurement processes, and performance auditing, as crucial to minimizing discretion and enhancing accountability.

TI Pakistan has also emphasized on the need to break the cycle of undocumented economy through fully digitized business registration systems and for the State Bank of Pakistan to increase the electronic financial transaction footprint by instituting incentives for buyers and sellers. The report notes that a stable and predictable fiscal environment is imperative to fostering investor confidence and broader economic resilience for coming years.

The report highlights that Pakistan's anti-corruption framework faces significant challenges, and there is a need to pivot from punitive approaches toward preventive systems that emphasize institutional integrity, civic awareness, and independent scrutiny. Ensuring the credibility of accountability mechanisms through streamlined mandates, non-partisan oversight, and protections for whistleblowers has been recommended as central to rebuilding public confidence in the mandate of anti-corruption agencies and integrity institutions. Similarly, transparency laws such as the Right to Information must go beyond legislation to become functional instruments of public empowerment, supported by digital tools, proactive disclosure, and effective

implementation.

The report also notes that local governments in Pakistan have a constitutional cover in the form of Articles 32 and 140-A. However, the provisions are insufficient as the language of Article 140-A has allowed the provinces complete independence to legislate a local government system as they deem fit. There is a need for addition of a dedicated chapter on Local Government in the Constitution, outlining the institutional structure, power, functions, tenure and list of jurisdiction over local subjects, along the lines of the existing chapters on federal and provincial governments.

The report also notes that Pakistan experiences an average annual loss of US$4 billion due to a high vulnerability to climate change-induced events. The IMF's latest economic projections show that Pakistan must allocate 1% of its GDP annually—roughly Rs. 1.24 trillion—towards these efforts to avoid further degradation of its economic and environmental systems. Pakistan has made its NDC commitments contingent upon receiving adequate finance. However, climate finance inflows remain low. The conventional forms of planning and budgeting are not fully suited to the needs of climate governance, and a uniform approach to reporting must be established to report climate spending, along with annual publication of climate budget reports.

In total, the report has put forth 53 pivotal governance benchmark recommendations necessary for economic growth.

Mr. Kashif Ali, Executive Director, Transparency International Pakistan highlighted that "Civil Society Governance Diagnostic Assessment for Pakistan incorporates perspectives from political parties, government representatives, civil society, academia, private sector, business leaders and professionals. It spotlights structural constraints which undermine the governance reforms in Pakistan, posing direct risks to macroeconomic stability, investor confidence and effective public service delivery to the citizens. TI Pakistan has made an effort to propose reform recommendations that are grounded in empirical evidence, attuned to political realities, and aligned with Pakistan's broader economic and social development goals".

Justice (R) Zia Perwez, Chairman, TI Pakistan highlighted that the report is a response to the need for institutional reforms that place integrity, transparency, and good governance at the heart of Pakistan's development trajectory and economic growth.

Whereas, Dr. Kaiser Bengali, renowned economist and lead author of the report, highlighted that economic policies and plans can be developed, but their successful implementation depends on strong institutions and effective organizations. In the absence of institutional strength, governance gaps emerge, creating opportunities for corruption and undermining policy outcomes. The Report has identified such areas facing *necessary-sufficiency* condition gaps for reform – from amendments to changes in Rules of Business to procedural adjustments. Across the board, a common denominator in the recommendations is digitization and online disclosures.

Report Line: https://transparency.org.pk/PUBLICATION/Civil-Society-Governance-Diagnostic-Assessment-on-Pakistan.pdf

پاکستان کے لیے سول سوسائٹی گورننس کا تشخیصی جائزہ: اقتصادی ترقی کے لیے گورننس، شفافیت اور سماجی احتساب کی اصلاحات

کراچی، 03 جون، 2025: ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کی جانب سے ’’پاکستان کے لیے سول سوسائٹی گورننس کا تشخیصی جائزہ‘‘ شائع کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں گورننس اصلاحات کے لیے جامع سفارشات متعارف کروائی گئی ہیں جن کا مقصد اقتصادی ترقی کے اہم شعبوں بشمول مالیاتی گورننس، اقتصادی ضابطے اور قانون کی حکمرانی کا احاطہ کیا گیا ہے۔

ٹی آئی پاکستان کی جانب سے نشاندہی کی گئی ہے کہ پاکستان، بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے 7 ارب ڈالر کے 37 ماہی ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلٹی کے لیے (ای ایف ایف) کی شرائط کے تحت جہاں اقتصادی اصلاحات کر رہا ہے، وہیں گورننس چیلنجز پر بھی توجہ دی جانی چاہیئے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان کے اقتصادی مسائل کی وجہ گورننس چیلنجز ہیں جو کمزور قوانین، بدعنوانی اور پالیسیوں کے غیر مؤثر نفاذ سے پیدا ہوتے ہیں۔

رپورٹ میں سفارش کی گئی ہے کہ مالیاتی گورننس کو جمہوری ہونا چاہیئے، جس میں پارلیمنٹ بجٹ کی تیاری اور اس کی منظوری میں ایک بامعنی کردار ادا کرے۔پاکستان میں شعبہ جاتی ٹیکس چھوٹ، بالخصوص زراعت، رئیل اسٹیٹ کی کم قیمتوں، اور درآمدات کی دستاویزات کی عدم موجودگی کی وجہ سے ملک کی مالیاتی صلاحیت متاثر ہورہی ہے۔ اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ غیر ضروری اور بلاجواز ٹیکس استثنیٰ کو ختم کر کے ٹیکسیشن کا بوجھ برابر کیا جائے۔

بہتر گورننس کے حصول کے لیے تمام شعبوں میں احتساب مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ رپورٹ میں سفارش کی گئی ہے کہ وفاقی اور صوبائی سطح پر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے کردار کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ عوامی فنڈز کا استعمال بہتر طریقے سے ہوسکے۔ پارلیمنٹ کی نگرانی، پبلک فنانشل مینجمنٹ میں اصلاحات، ریونیو سسٹم کی ڈیجیٹلائزیشن، اخراجات کی نگرانی، شفاف پروکیورمنٹ، اور باقاعدہ آڈٹ وہ اصلاحات ہیں جن کے ذریعے مؤثر احتساب ممکن ہے۔

ٹی آئی پاکستان نے اس بات کی بھی سفارش کی ہے کہ مکمل ڈیجیٹلائزڈ بزنس رجسٹریشن سسٹم کے ذریعے غیر دستاویزی معیشت سے جان چھڑائی جائے۔ اس بات کی بھی ضرورت ہے کہ اسٹیٹ بینک الیکٹرانک لین دین کی حوصلہ افزائی کے لیے تاجر اور خریدار کے لیے چھوٹ فراہم کرے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مستحکم مالیات کے لیے ضروری ہے کہ سرمایہ کار کا اعتماد بڑھایا جائے تاکہ طویل مدتی معاشی استحکام حاصل ہوسکے۔

رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ پاکستان میں انسداد بدعنوانی کے قوانین کو خاصے چیلنجز کا سامنا ہے، اور اس بات کی ضرورت ہے کہ سزا سے زیادہ قبل از وقت روک تھام کا طریقہ کار اپنایا جائے۔ اس سے ادارہ جاتی سالمیت، شہری آگاہی اور آزادانہ احتساب کا حصول ممکن ہوسکے گا۔ اس بات کی بھی سفارش کی گئی ہے کہ ہموار مینڈیٹ، غیر جانب دارانہ نگرانی، اور کرپشن کی نشاندہی کرنے والے وسل بلوؤرز کی حفاظت کے ذریعے احتساب کے قوانین کی ساکھ میں اضافہ کیا جائے تاکہ عوام کا انسداد بدعنوانی کے اداروں پر اعتماد قائم ہوسکے۔ اسی طرح شفافیت سے متعلق قوانین جیسے رائٹ ٹو انفارمیشن، صرف قوانین نہ رہیں بلکہ عوامی بااختیاری کے لیے مؤثر ہتھیار بنیں جن میں پروایکٹو ڈس کلوژر، ڈیجیٹل ٹولز اور مؤثر عملدرآمد شامل ہو۔

رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ بلدیاتی حکومتوں کو آرٹیکل 32 اور 140-اے کے تحت آئینی حمایت حاصل ہے تاہم ہ شقیں ناکافی ہیں کیونکہ آرٹیکل 140-اے کے تحت صوبوں کو مکمل اختیار حاصل ہے کہ وہ بلدیاتی حکومت کا نظام اپنی مرضی کے مطابق وضع کریں۔ آئین پاکستان میں بلدیاتی حکومت سے متعلق ایک باب کے اضافے کی ضرورت ہے جس میں موجودہ وضاحتوں سمیت بلدیاتی حکومتوں کے ادارہ جاتی ڈھانچے، ذمہ داریوں، مدت اور دائرہ اختیار کے حوالے سے مکمل خاکہ پیش کیا جائے۔

رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ پاکستان کلائمٹ چینج کے اثرات سے شدید متاثر ہونے کے باعث ہر سال 4 بلین ڈالرز کا خسارہ برداشت کر رہا ہے۔ آئی ایم ایف کی حالیہ معاشی پیشن گوئیوں کے مطابق پاکستان کو اپنی جی ڈی پی میں سے سالانہ 1 فیصد، یعنی اندازاً 1 اعشاریہ 24 کھرب مختص کرنے کی ضرورت ہے تاکہ مزید ممکنہ کلائمٹ خطرات کو کم کر کے

اقتصادی اور ماحولیاتی بگاڑ میں کمی کی جاسکے۔ پاکستان نے اپنے این ڈی سی کو مزید مالی معاونت سے مشروط کیا ہے تاہم یہ مالی معاونت اب تک خاصی کم رہی ہے۔ منصوبہ بندی اور بجٹنگ کا موجودہ روایتی طریقہ کار کلائمٹ گورننس کی ضروریات سے ہم آہنگ نہیں ہے، اور ایک مربوط نظام کے تحت کلائمٹ چینج کے اخراجات کی رپورٹنگ ضروری ہے جس کے ساتھ سالانہ کلائمٹ بجٹ رپورٹس بھی شائع کی جائیں۔

مجموعی طور پر رپورٹ میں اقتصادی ترقی کے لیے 53 کلیدی گورننس سفارشات پیش کی گئی ہیں۔

ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کاشف علی کا کہنا ہے کہ، اس تشخیصی جائزے میں سیاسی جماعتوں، حکومتی نمائندگان، سول سوسائٹی، تعلیمی حلقوں، نجی شعبے کے نمائندگان، کاروباری نمائندگان اور مختلف شعبہ جات کے ماہرین کی آرا شامل ہیں۔ یہ رپورٹ ان رکاوٹوں کی نشاندہی کرتی ہے جو ملک میں گورننس اصلاحات کو نقصان پہنچا رہی ہیں، جس کے نتیجے میں معاشی استحکام، سرمایہ کاروں کے اعتماد، اور عوامی خدمات کی مؤثر فراہمی کو براہ راست خطرات لاحق ہورہے ہیں۔ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان نے ایسی اصلاحاتی تجاویز پیش کرنے کی کوشش کی ہے جو ٹھوس شواہد پر مبنی ہوں، سیاسی حقائق سے ہم آہنگ ہوں، اور پاکستان کے وسیع تر معاشی و سماجی ترقیاتی اہداف سے مطابقت رکھتی ہوں۔

ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کے چیئرمین جسٹس (ر) ضیا پرویز کا کہنا ہے کہ یہ رپورٹ ادارہ جاتی اصلاحات کی فوری ضرورت کے جواب میں تیار کی گئی ہے، جس کا مقصد پاکستان کی ترقی کے لیے سالمیت، شفافیت اور بہتر گورننس کو فروغ دینا ہے۔

رپورٹ کے مرکزی منصف اور معروف ماہر اقتصادیات، ڈاکٹر قیصر بنگالی نے اس بات کی نشاندہی کی کہ اگرچہ معاشی پالیسیاں اور منصوبے بنائے جا سکتے ہیں، لیکن ان کا کامیاب نفاذ مضبوط اور مؤثر اداروں پر منحصر ہوتا ہے۔ ادارہ جاتی سالمیت کی عدم موجودگی گورننس میں کمزوریوں کو جنم دیتی ہے جس سے بدعنوانی کے مواقع پیدا ہوتے ہیں اور پالیسیوں کے نتائج متاثر ہوتے ہیں۔

رپورٹ میں ایسے شعبوں کی نشاندہی کی گئی ہے جہاں اصلاحات کے لیے گنجائش اور ضرورت موجود ہے، ان میں ترامیم، قواعد و ضوابط میں تبدیلیاں، اور طریقہ کار میں اصلاحات شامل ہیں۔ تمام سفارشات میں ایک مشترک نکتہ ڈیجیٹائزیشن اور آن لائن معلومات کی فراہمی ہے۔